Studybeesofficial

*Where Minds Pollinate*

# Full Urdu Grammar MCQs

# MCQs


**Follow Our Socials**

studybeesofficial

studybeesofficialpak

studybeesofficialpak

# کثیر الانتخابی سوالات

## (شعری اصطلاحات)

☆ مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟
عربی | فارسی | یونانی | اطالوی

☆ مطلع غزل کا کہلاتا ہے۔
نصیب | نقیب | نجیب | نفیس

☆ مطلع غزل کا ہوتا ہے۔
پہلا شعر | آخری شعر | دوسرا شعر | ہر شعر

☆ مطلع کے بعد آنے والا شعر کہلاتا ہے۔
مطلع ثانی | حسن مطلع | بیت الغزل | فرد شعر

☆ اگر غزل کے دوسرے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں تو وہ کہلائے گا۔
مطلع ثانی | حسن مطلع | بیت الغزل | مطلع ثالث

☆ اگر غزل کے تیسرے شعر کے دونوں مصرعے بھی ہم قافیہ ہوں تو وہ کہلائے گا۔
مطلع ثانی | مطلع غزل | مطلع ثالث | بیت الغزل

☆ گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے شعر مثال ہے۔
مقطع | مطلع | فرد شعر | کنایہ

☆ غزل کا سب سے بہترین شعر کہلاتا ہے۔
مطلع | حسن مطلع | بیت الغزل | فرد

☆ مطلع کے لغوی معنی ہیں۔
نکلنے کی جگہ | نئی بات | پہلا شعر | ختم کرنا

☆ دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے آخر اس درد کی دوا کیا ہے شعر مثال ہے۔
مقطع | مطلع | فرد شعر | حسن مطلع

☆ مطلع کون سی اصطلاح ہے؟
شعری | ادبی | نثری | اصطلاحی

☆ پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے شعر مثال ہے۔
مطلع | حسن مطلع | مقطع | مطلع ثانی

☆ سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں شعر مثال ہے۔
مقطع | مطلع ثانی | مطلع | حسن مطلع

CS CamScanner

☆ مطلع کی عام پہچان ہے۔

پہلا شعر　　دوسرا شعر　　آخری شعر　　درمیان والا شعر

☆ قافیہ کس زبان کا لفظ ہے۔

فارسی　　عربی　　یونانی　　اطالوی

☆ قافیہ کے لغوی معنی ہیں۔

پیچھے آنے والا　　پیچھے جانے والا　　ہم آواز الفاظ　　خوبصورت بات

☆ قافیہ کس لفظ سے ماخوذ ہے۔

وقف　　قفو　　قوانی　　قافی

☆ قافیہ کے اصطلاحی معنی ہیں۔

ہم آواز الفاظ　　بار بار آنے والے الفاظ　　ہم جنس الفاظ　　پے در پے آنے والے الفاظ

☆ قافیہ کی جمع ہے۔

وقف　　قفو　　قوانی　　واقف

☆ قافیہ کا مقام ہے۔

ردیف سے پہلے　　ردیف کے بعد　　شعر کا آغاز　　شعر کا اختتام

☆ غیر مردف غزل میں قافیہ آتا ہے۔

شعر کا آغاز　　شعر کے درمیان　　ردیف کی جگہ　　کسی بھی جگہ

☆ اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا　　رنج راحت فزا نہیں ہوتا　　شعر میں "ذرا، فزا" کے الفاظ ہیں۔

ردیف　　قافیہ　　کنایہ　　محاورہ

☆ قافیہ کون سی اصطلاح ہے؟

شعری　　ادبی　　نثری　　اصطلاحی

☆ بے چین، بہت پھرنا، گھبرائے ہوئے رہنا
اک آگ سی جذبوں کی دہکائے ہوئے رہنا　　شعر میں قافیہ ہے۔

اک، آگ　　گھبرائے، ہوئے　　ہوئے، رہنا　　گھبرائے، دہکائے

☆ ردیف کس زبان کا لفظ ہے۔

عربی　　فارسی　　ترکی　　یونانی

☆ ردیف کے لغوی معنی ہیں۔

پیچھے آنے والا　　گھڑسوار کے پیچھے آنے والا　　ہم شکل الفاظ　　ہم آواز الفاظ

☆ ردیف کے اصطلاحی معنی ہیں۔

گھڑسوار کے پیچھے آنے والا　　ہم شکل الفاظ　　پیچھے آنے والا　　بہترین الفاظ

☆ ردیف کا مقام ہے۔

قافیہ کے بعد　　قافیہ سے پہلے　　شعر میں کہیں بھی　　شعر کے شروع میں

☆ جس غزل میں ردیف نہ ہو کہلاتی ہے۔
مردف غزل　غیر مردف غزل　سہل ممتنع　آسان غزل

☆ جس غزل میں ردیف ہو اُسے کہتے ہیں۔
مردف غزل　غیر مردف غزل　سہل ممتنع　آسان غزل

☆ پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے　اب صبح ہونے آئی ہے اک دم تو سوئیے　شعر مثال ہے۔
مردف غزل کی　غیر مردف غزل کی　بیت الغزل کی　استعارہ کی

☆ ردیف کون سی اصطلاح ہے؟
شعری　ادبی　اصطلاحی　نثری

☆ سلسلے توڑ گیا وہ سبھی جاتے جاتے　ورنہ اتنے تو مراسم تھے کہ آتے جاتے　شعر میں ردیف ہے۔
آتے جاتے　جاتے جاتے　جاتے　سلسلے توڑ گیا

☆ بادباں کھلنے سے پہلے کا اشارہ دیکھنا　میں سمندر دیکھتی ہوں تم کنارا دیکھنا　شعر میں دیکھنا کیا ہے؟
مطلع　قافیہ　ردیف　محاورہ

☆ مقطع کس زبان کا لفظ ہے؟
عربی　فارسی　ترکی　یونانی

☆ مقطع کے لغوی معنی ہیں۔
اصلاح کرنا　ختم کرنے کی جگہ　شروع کرنے کی جگہ　مخفی بات

☆ مقطع کی شرائط ہیں۔
دو　تین　چار　پانچ

☆ ________ مقطع کے لیے شرط ہے۔
ردیف　قافیہ　آخری شعر　بیت الغزل

☆ ________ مقطع کے لیے شرط ہے۔
تخلص　ردیف　قافیہ　بیت الغزل

☆ مقطع کون سی اصطلاح ہے؟
شعری　نثری　موسیقی　اصطلاحی

☆ میر ان نیم باز آنکھوں میں　ساری مستی شراب کی سی ہے　شعر مثال ہے۔
مطلع کی　مقطع کی　ردیف کی　قافیہ کی

☆ تشنۂ خون ہے اپنا کتنا میر بھی ناداں تلخی کش　دم دار آب تیغ کو اس کے آب گوارا جانے ہے　شعر مثال ہے۔
مطلع　مقطع　مطلع ثانی　حسن مطلع

☆ ہم اسے منہ سے برا تو نہیں کہتے، کہ فراق　دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی ہے　شعر مثال ہے۔
مقطع　مطلع ثانی　مطلع　حسن مطلع

☆ ایک مشت خاک اور وہ بھی ہوا کی زد میں ہے زندگی کی بے بسی کا استعارہ دیکھنا یہ شعر ہے۔
مطلع مقطع عام شعر بیت الغزل

☆ تخلص کس زبان کا لفظ ہے؟
فارسی عربی یونانی ترکی

☆ تخلص کے لغوی معنی ہیں۔
خلاصہ کرنا اشارہ دینا نقطہ نظر خاص بات

☆ تخلص کون سی اصطلاح ہے؟
نثری شعری ادبی اصطلاحی

☆ عادت ہی بنالی ہے تم نے تو منیرؔ اپنی جس شہر میں بھی رہنا اکتائے ہوئے رہنا شعر میں منیر کیا ہے؟
تخلص کنایہ اشارہ تلمیح

☆ اس کی کہ جانے اسے پاسِ وفا تھا کہ نہ تھا تم فرازؔ اپنی طرف سے تو نبھاتے جاتے شعر میں فراز ہے۔
کنایہ مجاز مرسل تلمیح تخلص

☆ تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے۔
فارسی عربی اردو ترکی

☆ تشبیہ لفظ سے مشتق ہے۔
شبہ وجہ شبہ غرض تشبیہ مشبہ بہ

☆ تشبیہ کے لغوی معنی ہیں۔
ادھار لینا مشابہت طرح اشارہ

☆ تشبیہ کس کی قسم ہے؟
علم نجوم علم بیان علم بدیع علم اللغات

☆ تشبیہ علم بیان کی کون سی قسم ہے؟
حقیقی مجازی ادبی سائنسی

☆ تشبیہ کن معنوں میں استعمال ہوتی ہے؟
حقیقی مجازی ادبی اصطلاحی

☆ تشبیہ علم بیان کی کون سی قسم ہے؟
پہلی دوسری تیسری چوتھی

☆ ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے شعر میں علم بیان کی کون سی خوبی موجود ہے؟
تشبیہ استعارہ کنایہ مجاز مرسل

☆ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے شعر میں علم بیان کی کون سی قسم بیان ہوئی ہے؟
تشبیہ استعارہ کنایہ مجاز مرسل

CS CamScanner

☆ زندگی ہے یا کوئی طوفاں ہے — ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے :: شعر میں علم بیان کی کون سی خوبی ہے؟

استعارہ — کنایہ — مجاز مرسل — تشبیہ

☆ شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے — دل ہے گویا چراغ مفلس کا — یہ شعر کس کی مثال ہے؟

مجاز مرسل — کنایہ — استعارہ — تشبیہ

☆ تشبیہ اور استعارہ کا بنیادی فرق کون سا رکن ظاہر کرتا ہے؟

مشبہ بہ — حرف تشبیہ — مستعار لہ — وجہ جامع

☆ "میرا بیٹا چاند کی مانند حسین ہے۔" اس جملے میں "وجہ شبہ" کیا ہے؟

چاندنی — حسن — بیٹا — مانند

☆ تشبیہ میں مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔

وادین تشبیہ — قوسین تشبیہ — وسطین تشبیہ — طرفین تشبیہ

☆ تشبیہ کی نشاندہی کریں۔

میرا شیر آیا — آب حیات — گہری نظر — دودھ جیسی رنگت

☆ "ایک چیز کو مشترک صفت کی بنا پر کسی دوسری چیز کی مانند قرار دینے کو کہتے ہیں۔"

استعارہ — کنایہ — مجاز مرسل — تشبیہ

☆ حرف تشبیہ ہے۔

شمع — مانند — بزم — چشم تر

☆ "چاند سا" کیا ہے؟

تشبیہ — استعارہ — کنایہ — مجاز مرسل

☆ "پانی برف کی مثل ٹھنڈا ہے۔" میں ادات تشبیہ ہے۔

ٹھنڈا — مثل — برف — پانی

☆ تشبیہ کے ارکان ہیں۔

تین — چار — پانچ — چھے

☆ جس چیز کو تشبیہ دی جائے ۔۔۔۔۔ اسے کہتے ہیں۔

غرض تشبیہ — مشبہ — مشبہ بہ — وجہ شبہ

☆ جس چیز سے تشبیہ دی ہے ۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے۔

غرض تشبیہ — مشبہ — مشبہ بہ — حرف تشبیہ

☆ تشبیہ دینے کی وجہ ہوتی ہے۔

مشترک صفت — کنایہ — خوبصورتی — بہادری

☆ مشبہ اور مشبہ بہ کہتے ہیں۔

تشبیہ کو — غرض تشبیہ کو — طرفین تشبیہ کو — ادارت تشبیہ کو

☆ مشبہ اور مشبہ بہ میں پائی جانے والی مشترک خوبی کہلاتی ہے۔

وجہ شبہ　　طرفین تشبیہ　　غرض تشبیہ　　حرف تشبیہ

☆ تشبیہ کی مثال ہے۔

آبِ حیات　　پھول سا چہرہ　　طوفانِ نوح　　سفید پوش

☆ "زندگی ہے یا کوئی طوفاں ہے"۔ اس میں حرفِ تشبیہ کی نشاندہی کریں۔

زندگی　　یا　　کوئی　　طوفاں

☆ حرفِ تشبیہ کو۔۔۔۔بھی کہتے ہیں۔

ادات تشبیہ　　غرض تشبیہ　　وجہ تشبیہ　　طرفین تشبیہ

☆ تشبیہ ہے۔

چاہِ یوسف　　شیر کی طرح　　چاند چہرہ　　آدم زاد

☆ تشبیہ کی نشاندہی کریں۔

ابنِ مریم　　سرو قد　　اک چراغ　　آبِ حیات

☆ جس شخص یا چیز کو تشبیہ دی جائے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

مشبہ　　مشبہ بہ　　حرف تشبیہ　　وجہ تشبیہ

☆ جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

وجہ تشبیہ　　غرض تشبیہ　　طرفین تشبیہ　　ادات تشبیہ

☆ "بلی کی کھال ریشم کی طرح ملائم ہے۔" اس میں کھال کیا ہے؟

مشبہ　　مشبہ بہ　　وجہ شبہ　　حرف تشبیہ

☆ جوں، جیسا، جیسی، جیسے، سا، سی، سے، کہ، یا، گویا، طرح، مثل، مثال، مانند، شکل، صورت وغیرہ کہلاتے ہیں۔

ادات تشبیہ　　مشبہ　　مشبہ بہ　　وجہ شبہ

☆ "پانی برف کی طرح یخ ہے۔" علم بیان کی رو سے کیا ہے؟

کنایہ　　استعارہ　　تشبیہ　　مجاز مرسل

☆ بات نرمی سے یوں وہ کرتے ہیں　　جیسے لہرائے ریشمی آنچل۔ علم بیان کی کون سی خوبی موجود ہے؟

تشبیہ　　استعارہ　　کنایہ　　مجاز مرسل

☆ رنگ کھلے صحرا کی دھوپ　　زلف گھنے جنگل کی رات　　علم بیان کی رو سے ہے۔

تشبیہ　　استعارہ　　کنایہ　　مجاز مرسل

☆ تجھ سا کوئی جہاں میں نازک بدن کہاں　　یہ پنکھڑی سے ہونٹ یہ گل سا بدن کہاں　　شعر میں علم بیان کی کون سی خوبی ہے؟

استعارہ　　کنایہ　　مجاز مرسل　　تشبیہ

☆ "کمرا کیا ہے، آئینہ" کس کی مثال ہے؟

استعارہ　　کنایہ　　مجاز مرسل　　تشبیہ

CamScanner

تشبیہ دیتے ہوئے ----- میں خوبی زیادہ ہونی چاہیے۔

مشبہ | مشبہ بہ | غرض تشبیہ | وجہ شبہ استعارہ

☆ استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟

فارسی | عربی | اردو | ترکی

☆ استعارہ کے لغوی معنی ہیں۔

ادھار لینا | ادھار دینا | ادھار کرنا | ادھار رکھنا

☆ قواعد کی رو سے کس میں حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق پایا جاتا ہے؟

کنایہ | استعارہ | تشبیہ | مجازِ مرسل

☆ ارکانِ استعارہ ہیں۔

دو | تین | چار | پانچ

☆ وہ چیز یا شخص جس کے لیے استعارہ لیا جائے کہلاتی ہے۔

مستعار لہ | مستعار منہ | وجہ جامع | طرفین استعارہ

☆ وہ چیز یا شخص جس سے استعارہ لیا جائے کہلاتی ہے۔

مستعار لہ | وجہ جامع | مستعار منہ | طرفین استعارہ

☆ وہ مشترک صفت جو مستعار لہ اور مستعار منہ میں پائی جائے کہلاتی ہے۔

وجہ شبہ | وجہ جامع | طرفین استعارہ | کنایہ

☆ ''وہ تو میرا چاند ہے۔'' اس میں علم بیان کی کون سی خوبی ہے؟

تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجازِ مرسل

☆ ''صنم آخر خدا نہیں ہوتا'' مستعار لہ کی نشاندہی کریں۔

محبوب | خدا | عاشق | رقیب

☆ ''کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے'' مصرع میں ہے۔

تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجازِ مرسل

☆ استعارہ میں لفظ ----- معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

مجازی | حقیقی | متضاد | اصل

☆ طرفین استعارہ کون سے ارکان ہیں؟

مشبہ، مشبہ بہ | مستعار لہ، مستعار منہ | وجہ جامع، وجہ شبہ | کنایہ، تشبیہ

☆ پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو　دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں　اس شعر میں موتی کیا ہے؟

مستعار لہ | مستعار منہ | وجہ جامع | طرفین استعارہ

☆ ''میرا چیتا جیت گیا۔'' اس میں وجہ جامع ہے۔

چیتا | خوبصورتی | پھرتی | طاقت

استعارہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| میرا پھول | شیر کی طرح بہادر | آتش عشق | غالب |

استعارہ بلیغ ترین قسم ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تشبیہ کی | کنایہ کی مجاز | مرسل کی | تلمیح کی |

استعارہ کے ارکان میں کیا نہیں ہوتا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| مستعار لہ | وجہ جامع | مستعار منہ | وجہ شبہ |

''اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی'' میں شیروں علم بیان کی رو سے کیا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل |

مستعار لہ اور مستعار منہ کو کیا کہتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| وجہ جامع | طرفین استعارہ | طرفین تشبیہ | غرض تشبیہ |

ایک روشن دماغ تھا نہ رہا شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا شعر میں چراغ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل | تشبیہ |

استعارہ علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی | دوسری | تیسری | چوتھی |

علم بیان کی رو سے جب کوئی لفظ اپنے اصل معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہو اور اس لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو، کہلاتا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل |

استعارہ علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| ادبی | علمی | حقیقی | مجازی |

عام طور پر ۔۔۔۔۔ شعر میں نہیں ہوتا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مستعار لہ | مستعار منہ | وجہ جامع | طرفین استعارہ |

مجاز مرسل کس زبان کا لفظ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فارسی | عربی | اردو | ترکی2 |

مجاز کے معنی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| غیر حقیقی | اجنبی | دوست | رقیب |

مرسل کے معنی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| نبی | رسول | قاصد | دوست |

مجاز مرسل کس کی قسم ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| علم نجوم | علم بیان | علم بدیع | علم حدیث5 |

مجاز مرسل علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| حقیقی | مجازی | ادبی | معنوی |

☆ مجازِ مرسل کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے؟

حقیقی مجازی ادبی اصطلاحی

☆ "بریانی مزیدار تھی دو پلیٹیں کھا گیا۔" اس جملے میں مجازِ مرسل ہے۔

بریانی مزیدار دو پلیٹیں کھا گیا

☆ اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے مجازِ مرسل ہے۔

بازار ساغرِ جم ٹوٹ گیا جامِ سفال

☆ "سنگ زنی کی گل کے بدلے دیں صلواتیں قل کے بدلے"۔ اس شعر میں کون سا لفظ جزو بول کر کل مراد لی گئی ہے؟

سنگ زنی گل صلواتیں قل

☆ "گر کہے کوئی یا علی حیدر بھاگیں کانوں میں انگلیاں رکھ کر"۔ شعر میں کون سا لفظ کل بول کر جزو مراد لی گئی ہے؟

علی حیدر بھاگیں انگلیاں کانوں

☆ انگلی دبا کے دانتوں میں وہ مسکرا دیے بس اتنی سی بات نے طوفاں اٹھا دیے شعر میں مجازِ مرسل ہے۔

انگلی دانت طوفاں مسکرا

☆ "علم بیان کی رو سے جب کوئی لفظ اپنے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو تو اسے کہتے ہیں۔"

کنایہ استعارہ مجازِ مرسل تشبیہ

☆ "چائے چولہے پر رکھی ہے۔" یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

تشبیہ استعارہ کنایہ مجازِ مرسل

☆ "آج بادل خوب برسا" کس کی مثال ہے؟

مسبب بول کر سبب مراد لینا سبب بول کر مسبب مراد لینا ظرف بول کر مظروف مراد لینا حال بول کر مستقل مراد لینا

☆ "میں نے بوتل پی لی ہے۔" علم بیان کی رو سے کس کی مثال ہے؟

استعارہ کنایہ مجاز مرسل تشبیہ

☆ علم بیان کی اصطلاح میں ظرف بول کر مظروف مراد لینا کہلاتا ہے۔

مجازِ مرسل تشبیہ کنایہ استعارہ

☆ "قل کہہ کر سورہ اخلاص مراد لینا" علم بیان کی رو سے ہے۔

تشبیہ استعارہ کنایہ مجازِ مرسل

☆ کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے شعر میں ہے۔

استعارہ کنایہ مجازِ مرسل تشبیہ

☆ مجازِ مرسل علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

پہلی دوسری تیسری چوتھی

☆ مجازِ مرسل کی کل صورتیں ہیں۔

چھ آٹھ بارہ چوبیس

☆ مجاز مرسل کی معروف صورتیں ہیں۔

دو | چھ | بارہ | چوبیس

☆ ''میں اسلام آباد میں پیدا ہوا تھا۔'' جملے میں ''اسلام آباد'' کی ہے؟

تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل

☆ ''اس مکان میں سورج آجاتا ہے'' جملے میں سورج ہے۔

تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل

☆ کنایہ کس زبان کا لفظ ہے؟

فارسی | عربی | اردو | ترکی

☆ کنایہ کے لغوی معنی ہیں۔

اشارہ کرنا | تاریخی بات | مخفی اشارہ کرنا | ذو معنی بات

☆ کنایہ کس کی قسم ہے؟

علم نجوم | علم بیان | علم بدیع | علم عروض

☆ کنایہ علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

مجازی | حقیقی | اصلی | روحانی

☆ کنایہ کن معنوں میں لیا جاتا ہے؟

حقیقی | مجازی | بنیادی | جزوی

☆ کنایہ کی ـــــ اقسام ہیں۔

دو | چار | چھ | آٹھ

☆ کنایہ میں اگر لفظ حقیقی معنوں میں استعمال ہو تو وہ ہوگا۔

غلط | درست | مبہم غیر | واضح

☆ ''دامن میں آج میر کے داغ شراب ہے۔'' مصرع میں کنایہ کی کون سی قسم بیان ہوئی ہے؟

کنایہ قریب | کنایہ بعید | رمز | تلویح

☆ وہ کنایہ جو فوراً سمجھ میں نہ آئے بلکہ کچھ غور و خوض کے بعد سمجھ میں آئے اسے ـــــ کہتے ہیں۔

کنایہ قریب | کنایہ بعید | ایما | رمز

☆ ذیل میں علم بیان کی کس اصطلاح کے لغوی معنی پوشیدہ بات یا رمز و اشارہ کرنے کے ہیں؟

استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل | تشبیہ

☆ تلویح، تعریض، قریب، بعید، رمز اور ایما کس کی اقسام ہیں؟

استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل | تشبیہ

☆ ''بال سفید ہو گئے لیکن حرکتیں نہ گئیں۔'' علم بیان کی کون سی خوبی موجود ہے؟

استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل | تشبیہ

CS CamScanner

سب پہ جس بار نے گرانی کی — اس کو یہ ناتواں اٹھا لایا — علم بیان کی کون سی خوبی بیان ہوئی ہے؟

استعارہ — کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ

پیری میں کیا جوانی کے موسم کو رو یئے — اب صبح ہونے آئی ہے اک دم تو سو یئے — شعر میں "صبح" کیا ہے؟

کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ — استعارہ

کسی کو باغ میں جانے نہ دیجیو — کہ ناحق خون پروانے کا ہو گا — شعر میں علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

تشبیہ — استعارہ — کنایہ — مجازِ مرسل

"وہ پیٹ کا ہلکا ہے۔" علم بیان کی کون سی خوبی ہے؟

کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ — استعارہ

دامن میں آج میر کے داغِ شراب ہے — تھا اعتماد ہم کو بہت اس جوان پر — علم بیان کی کون سی خوبی ہے؟

کنایہ — استعارہ — مجازِ مرسل — تشبیہ

"قانون کے ہاتھ بہت لمبے ہیں۔" قواعد کی رو سے جملے میں ہے۔

استعارہ — کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ

"تم نے اسے سر پہ چڑھا رکھا ہے۔" جملے میں ہے۔

کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ — استعارہ

باوجودیکہ پروبال نہ تھے آدم کے — واں پہ پہنچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا"۔ شعر میں علم بیان کی خوبی ہے۔

تشبیہ — استعارہ — کنایہ — مجازِ مرسل

"محبت میں نہیں ہے فرق مرنے اور جینے کا — اسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے"۔ شعر میں علم بیان کی کون سی خوبی ہے؟

استعارہ — کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ

بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں — شعر میں علم بیان کی کون سی صنف موجود ہے؟

کنایہ — مجازِ مرسل — تشبیہ — استعارہ

کنایہ علم بیان کی کون سی قسم ہے؟

پہلی — دوسری — تیسری — چوتھی

وہ علم جس میں کلام کی خوبیوں پر بحث کی جائے کہلاتا ہے۔

علم نجوم — علم بیان — علم بدیع — علم الرجال

کلام میں لفظی و معنوی خوبیوں کی بدولت ندرت، جدت اور اچھوتا پن پیدا کرنا کہلاتا ہے۔

علم بیان — علم بدیع — علم حروف — علم نجوم

اگر کلام میں ایسے الفاظ لائے جائیں جن کے معنی ایک دوسرے کے متضاد ہوں تو صنعت کہلائے گی۔

صنعت تکرار — صنعت تضاد — صنعت حسنِ تعلیل — صنعت لف ونشر

دو کلمے جو ایک دوسرے کی ضد ہوں کہلاتے ہیں۔

تضاد — حسنِ تعلیل — تجنیس — لف ونشر

CS CamScanner

☆ آغاز کو کون پوچھتا ہے انجام اچھا ہو آدمی کا --- شعر میں صنعت ہے۔

تضاد مبالغہ تلمیح تکرار

☆ صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے عمر یونہی تمام ہوتی ہے شعر میں صنعت ہے۔

تضاد مبالغہ تکرار تلمیح

☆ آدمی آدمی سے ملتا ہے دل مگر کم کسی سے ملتا ہے شعر میں صنعت ہے۔

تضاد تکرار مبالغہ لف ونشر

☆ تکرار کے لغوی معنی ہیں۔

بار بار دیکھنا بار بار کہنا بار بار سننا بار بار آنا

☆ وہ تھا جلوہ آرا مگر تو نے موسیٰ نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا، نہ دیکھا شعر میں صنعت ہے۔

تضاد تکرار حسن تعلیل مبالغہ

☆ بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے شعر میں صنعت ہے۔

تضاد تکرار تلمیح حسنِ تعلیل

☆ ذرے ذرے کی شہادت کہ خدا ہے موجود پتے پتے کو ہے صانع کی صفت کا اقرار شعر میں صنعت ہے۔

تکرار مبالغہ ترصیع ذوالقوافی

☆ جو بے داغ لالہ، جو بے خار گل ہے وہ تو ہے، وہ تو ہے، وہ تو ہے، وہ تو ہے شعر میں صنعت ہے۔

تضمین تضاد تکرار ترصیع

☆ تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟

اردو سنسکرت عربی فارسی

☆ تلمیح کے لغوی معنی ہیں۔

اشارہ کرنا تاریخی اشارہ تاریخ تاریخی بات

☆ بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی شعر میں صنعت ہے۔

تلمیح تعلّی مبالغہ تکرار

☆ ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی شعر میں صنعت ہے۔

تضاد مبالغہ تلمیح تکرار

☆ سکندر کو شان کئی تو نے بخشی کو لمبس کو دنیا نئی تو نے بخشی شعر میں صنعت ہے۔

تکرار تضاد تلمیح مراعات النظیر

☆ صنعت مراعات النظیر میں مناسبات کا تعلق کتنی چیزوں سے ہوتا ہے؟

چند سب ایک دو

☆ صنعت رعایت لفظی کس صنعت کو کہتے ہیں؟

حسنِ تعلیل مراعات النظیر لف ونشر اشتقاق

CamScanner

☆ ہری ٹہنیوں کے نگر پر گئے ہوا کے پرندے شجر پر گئے شعر میں صنعت ہے۔

تلمیح — مراعات النظیر — تجنیس — تضاد

☆ پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے شعر میں صنعت ہے۔

ترصیع — مراعات النظیر — مبالغہ — تضاد

☆ آہ کس کی جستجو آوارہ رکھتی ہے تجھے راہ تو، راہرو بھی تو، رہبر بھی تو، منزل بھی تو شعر میں صنعت ہے۔

مراعات النظیر — مبالغہ — تضمین — تضاد

☆ لف کے لغوی معنی ہیں۔

بنانا — بکھیرنا — لپیٹنا — سمیٹنا

☆ نشر کے معنی ہیں۔

سمیٹنا — لپیٹنا — بکھیرنا — بنانا

☆ ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی شعر میں صنعت ہے۔

مبالغہ — لف ونشر — حسنِ تعلیل — تلمیح

☆ تیری ذات، تیری بات، تیری ہر ادا پاک باز، دل نواز، دل نشین صدا صنعت ہے۔

حسنِ تعلیل — لف ونشر — مبالغہ — تضاد

☆ تیرے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار گل جدا، سرو جدا، نرگسِ بیمار جدا

صنعت ہے۔

لف ونشر — حسنِ تعلیل تلمیح — تضاد

☆ نہ ہمت، نہ قسمت، نہ دل ہے، نہ آنکھیں نہ ڈھونڈا، نہ پایا، نہ سمجھا، نہ دیکھا صنعت ہے۔

ترصیع — مبالغہ — لف ونشر — تلمیح

☆ تعلیل کا لفظ کس لفظ سے ماخوذ ہے؟

علالت — علت — تعلیٰ — تعلیم

☆ ''کسی بات کی حقیقی وجہ کی بجائے شاعرانہ وجہ بیان کرنا علم بدیع کی رو سے کہلاتا ہے۔''

ترصیع — حسنِ تعلیل — مبالغہ — جمع

☆ شعر میں کسی بات کی خوبصورت وجہ بیان کرنا کہلاتا ہے۔

لف ونشر — حسنِ تعلیل — ترصیع — تلمیح

☆ ''شعر میں کسی چیز کی ایسی علت بیان کرنا جو حقیقت میں نہ ہو، صنعت کہلاتی ہے۔''

ترصیع — حسنِ تعلیل — مبالغہ — تلمیح

☆ پیاسی تھی جو سپاہِ خدا تین رات کی ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی شعر میں صنعت ہے۔

مبالغہ — حسنِ تعلیل — تضاد — تلمیح

☆ سر جھک گیا فلک کا یاد آ رج میں ہوا خورشید محوِ حسنِ حسین ہوا شعر میں صنعت ہے۔

مبالغہ — حسنِ تعلیل — لف ونشر — تضاد

☆ "کلام میں کسی وصف، کیفیت یا حالت کو اس درجہ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا کہ بادی النظر میں وہ ناممکن معلوم ہونے لگے، کہلاتی ہے۔"

صنعت ترصیع | صنعت اشتقاق | صنعت مبالغہ | صنعت تفریق

☆ میں نے روکا رات غالب کو وگرنہ دیکھتے اس کے سیل گریہ میں گردوں کفِ سیلاب تھا صنعت کی نشاندہی کریں۔

تکرار | مبالغہ | اشتقاق | تجنیس

☆ جو اس زور سے میر روتا رہے گا تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا ۔۔ شعر میں صنعت ہے۔

ترصیع | مبالغہ | اشتقاق | حسن تعلیل

☆ آج پھر یاد آ گئے کچھ بیتے دن آج پھر آنکھوں سے دریا بہہ گیا ۔۔۔ شعر میں صنعت ہے۔

مبالغہ | تضاد | تلمیح | منقوطہ

☆ "شعر کے دونوں مصرعوں میں ترتیب کے ساتھ ایسے الفاظ لانا جو ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں، صنعت کہلائے گی۔"

ترصیع | تجنیس | اشتقاق | لف ونشر

☆ ترصیع کے لفظی معنی ہیں۔

نکلا ہوا | موتی پرونا | موتی ٹانکنا | مناسبت

☆ سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبی ۔۔ یہ شعر مثال ہے۔

صنعت ترصیع | صنعت مبالغہ | صنعت تلمیح | صنعت تجنیس

☆ اکبر کی جوانی ہے جو عنوانِ قصیدہ "مجنوں کو برا کہتی ہے لیلیٰ مرے آگے" اس شعر میں کون سی صنعت ہے۔

تکرار | تضمین | مراعات النظیر | تضاد

☆ ابھی چند میزوں سے گزری ہے قائل "مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں" ۔۔ یہ شعر مثال ہے۔

ترصیع | مبالغہ | تجنیس | تضمین

☆ "آسان اور عام فہم الفاظ میں گہرائی کی بات کرنا کہلاتی ہے۔"

ترصیع | تجاہل عارفانہ | سہل ممتنع | تکرار

☆ فقیرانہ آئے صدا کر چلے میاں خوش رہو، ہم دعا کر چلے ۔۔ یہ شعر مثال ہے۔

مبالغہ | سہل ممتنع | تلمیح | تفریق

☆ "خاص ترتیب سے چند چیزوں کے ذکر کے بعد ان کی وضاحت کرنا کہلاتا ہے۔"

مراعات النظیر | لف ونشر | تجنیس | حسنِ تعلیل

☆ جلتے ہیں جبریل کے پر جس مقام پر اس کی حقیقتوں کے شناسا تمھی تو ہو ۔۔ شعر میں صنعت ہے۔

تجنیس | تضمین | مبالغہ | تضاد

☆ نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے ۔۔ شعر میں صنعت ہے۔

تضمین | تجنیس | مبالغہ | تلمیح

☆ تن پرورہ معبود میں ہم سر نہیں رکھتے ہم سر کے کٹا دینے میں ہم سر نہیں رکھتے۔۔ صنعت ہے۔

تجنیس | تکرار | تلمیح | حسنِ تعلیل

☆ "دو ہم جنس الفاظ جو املاء میں ایک جیسے ہوں لیکن معنی کے اعتبار سے الگ ہوں تو صنعت کہلائے گی۔"

تجنیس　تضاد　تکرار　اشتقاق

☆ ہم ہوئے، تم ہوئے کہ میرؔ ہوئے　اس کی زلفوں کے سب اسیر ہوئے۔۔　شعر میں صنعت ہے۔

مراعات النظیر　جمع　تفریق　ترصیع

☆ رنج، راحت، غم، خوشی کچھ بھی نہیں　جز فریب آگہی، کچھ بھی نہیں　شعر میں صنعت ہے۔

جمع　تفریق　مبالغہ　تلمیح

☆ عشق میں نسبت نہیں بلبل کو پروانے کے ساتھ　وصل میں یہ جان دے وہ ہجر میں جیتی رہے۔　شعر میں صنعت ہے۔

جمع　تفریق　تعلّی　تکرار

☆ تضمین کے لغوی معنی ہیں۔

ظاہر کرنا　چھوڑ دینا　شامل کرنا　ضائع کرنا

☆ شیریں ہی نسیم ہے، سوز و گداز میرؔ　حسرت ترے سخن پہ ہے لطف سخن تمام۔۔　شعر میں صنعت ہے۔

تعلّی　جمع　ترصیع　تکرار

☆ وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر　اور تم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر　شعر میں کون سی صنعت ہے؟

جمع　تفریق　مراعات النظیر　مبالغہ

☆ ایہام کے لغوی معنی ہیں۔

وہم میں ڈالنا　غور کرنا　جاننا　اندازہ لگانا

☆ شب جو مسجد میں جا پھنسے مومن　رات کاٹی خدا خدا کر کے۔۔　شعر میں صنعت ہے۔

تعلّی　ایہام　جمع　تفریق

☆ لے نام آرزو کا تو دل کو نکال لیں　مومن نہ ہوں جو ربط رکھیں بدعتی سے ہم　شعر میں صنعت ہے۔

ایہام　تعلّی　تفریق　جمع

☆ عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن　دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں　شعر میں صنعت ہے۔

ایہام　تعلّی　صنعت الاعداد　مبالغہ

☆ سمجھو خدا کے واسطے پیارے برا نہیں　وہ دن اگر کسی کے کوئی کام آ گیا　شعر میں صنعت ہے۔

صنعت الاعداد　مبالغہ　تجنیس　تلمیح

☆ ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے　کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیان اور　شعر میں صنعت ہے۔

تعلّی　جمع　تفریق　مبالغہ

☆ وقت کی لوح غیر فانی ہے　حرف مٹتے نہیں مٹانے سے۔۔　شعر میں صنعت ہے۔

اشتقاق　ترصیع　مبالغہ　تلمیح

☆ بھری دنیا میں جی نہیں لگتا　جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی۔۔　شعر میں صنعت ہے۔

تعلّی　تجاہل عارفانہ　مبالغہ　تلمیح

CS CamScanner

☆ صنم سنتے ہیں تیری بھی کمر ہے    کہاں ہے، کس طرف کو ہے، کدھر ہے    شعر میں صنعت ہے۔

تجاہلِ عارفانہ    تضاد    تلمیح    مبالغہ

☆ نہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میر    جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے    شعر میں صنعت ہے۔

استفہامیہ    تعلّی    جمع    سہلِ ممتنع

☆ بھری دنیا میں جی نہیں لگتا    جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی    شعر میں صنعت ہے۔

مبالغہ    ترصیع    تجاہلِ عارفانہ    تجنیس

☆ دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے    آخر اس درد کی دوا کیا ہے    شعر میں صنعت ہے۔

مبالغہ    ترصیع    تجاہلِ عارفانہ    تجنیس

☆ ''شعر میں جانتے بوجھتے ہوئے انجان بننا کہلاتا ہے۔''

ترصیع    تجاہلِ عارفانہ    مبالغہ    تلمیح

☆ نظم کے لغوی معنی ہیں۔

لڑی میں پرونا    پابندی    تحریر    قیام

☆ نظم کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی    فارسی    اردو    پنجابی

☆ وہ کون سی صنفِ سخن ہے جس میں کسی بھی ایک خیال کو مسلسل بیان کیا جاتا ہے؟

بیت    فرد    غزل    نظم

☆ کس نظم میں ردیف، قافیہ اور بحر کے مقررہ اوزان کی پابندی کی جاتی ہے؟

پابند نظم    نظم معریٰ    آزاد نظم    نثری نظم

☆ کس نظم کے تمام مصرعوں کے اوزان برابر ہوتے ہیں لیکن ردیف قافیہ کی پابندی نہیں ہوتی؟

پابند نظم    نظم معریٰ    آزاد نظم    نثری نظم

☆ ایسی نظم جس میں کسی شہر یا ملک کی سیاسی و اقتصادی تباہی اور فتنہ و فساد کا ذکر ہو، کہلاتی ہے۔

مرثیہ    رباعی    شہر آشوب    واسوخت

☆ شہر آشوب کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی    فارسی    ترکی    یونانی

☆ رباعی کس زبان کا لفظ ہے؟

فارسی    عربی    اردو    انگریزی

☆ رباعی کے ـــــ مصرعے ہوتے ہیں۔

دو    تین    چار    پانچ

☆ رباعی کا لفظ ـــــ سے ماخوذ ہے۔

ربا    رعب    ربع    ربعا

CamScanner

☆ مصرع کے لغوی معنی ہیں۔
کواڑ | گرہ کھولنے کی جگہ | الماری کا حصہ | مضمون

☆ ـــــــ کے معنی "دروازے کا ایک پٹ" کے ہیں۔
مصرع | شعر | بند | مسمط

☆ مصرع کس زبان کا لفظ ہے؟
عربی | فارسی | اردو | پنجابی

☆ ایسا کلام موزوں جو ایک سطر کی صورت میں بیان ہو، کہلاتا ہے۔
شعر | مصرع | رباعی | قطعہ

☆ ایسا کلام موزوں جو دو سطور کی صورت میں بیان ہو کہلاتا ہے۔
مصرع | شعر | مثلث | رباعی

☆ شعر کے لغوی معنی ہیں۔
پڑھنا | لکھنا | جاننا | سمجھنا

☆ شعر کس زبان کا لفظ ہے؟
عربی | فارسی | ترکی | یونانی

☆ "بیت" کس کی قسم ہے؟
مصرع | شعر | نظم | غزل

☆ قطعہ کے معنی کیا ہیں؟
دھاگہ | کانٹا | ٹکڑا | کپڑا

☆ قطعہ میں زیادہ سے زیادہ اشعار کی تعداد ہوتی ہے۔
دو | چار | دس | مقرر نہیں

☆ قطعہ میں کم از کم اشعار ہوتے ہیں۔
دو | تین | چار | پانچ

☆ قطعہ کس زبان کا لفظ ہے؟
فارسی | ترکی | اردو | عربی

☆ منقبت میں کس کی تعریف کی جاتی ہے؟
بادشاہوں | امراء | بزرگانِ دین | عوام

☆ منقبت کس زبان کا لفظ ہے؟
عربی | فارسی | ترکی | اردو

☆ کسی کی وفات کے رنج و غم میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔
مرثیہ | ہجو | قصیدہ | شہر آشوب

☆ مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ترکی | یونانی

☆ مرثیہ کا لفظ ماخوذ ہے۔

رثا سے | رثی سے | رثیے سے | راث سے

☆ مرثیہ کے اجزاء ہیں۔

سات | آٹھ | نو | دس

☆ مرثیہ کا پانچواں جزو ہے۔

چہرہ | رخصت | رجز | رزم

☆ ایسی نظم جس کے ہر بند میں پانچ مصرے ہوں کہلاتی ہے۔

ترجیع بند | ترکیب بند | مخمس | مسدس

☆ وہ کون سی نظم ہے جس کے پہلے چار مصرے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

مخمس | مثنوی | آزاد | معریٰ

☆ مثنوی کے ہر شعر میں قافیہ۔۔۔ہوتا ہے۔

نیا | ایک ہی | ایک جیسا | نہیں

☆ مثنوی کا لفظ نکلا ہے۔

مثنی سے | ثانی سے | ثنا سے | ثانیہ سے

☆ مثنوی کس ہیئت میں لکھی جاتی ہے؟

مثلث | رباعی | بیت | مصرع

☆ مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ترکی | یونانی

☆ "دو تہوں والی" ۔۔۔۔کے معنی ہیں۔

شعر | بیت | مثنوی | غزل

☆ مسدس کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ترکی | یونانی

☆ مسدس نظم کے ہر بند میں۔۔۔مصرے ہوتے ہیں۔

دو | چار | چھ | آٹھ

☆ وہ کون سی صنف ہے جس میں ہر شعر کا مفہوم الگ ہوتا ہے؟

مثنوی | قطعہ | غزل | ہجو

☆ "عورتوں کی باتیں کرنا" ۔۔۔۔کے لغوی معنی ہیں۔

شعر | رباعی | غزل | مثنوی

CamScanner

ہرن کے منہ نکلنے والی درد بھری آواز کہلاتی ہے۔

غزل | شعر | مثنوی | واسوخت

دو سے زیادہ مصرعے جس کلام میں موجود ہوں اسے کہتے ہیں۔

شعر | بند | نظم | شاعری

درج ذیل میں سے کس شعری ہیئت میں ٹیپ کا مصرع ہوتا ہے؟

مثنوی | قطعہ | ترکیب بند | ترجیع بند

جس نظم کے ہر بند کا آخری شعر ہو بہو دہرایا جائے کہلاتی ہے۔

ترکیب بند | ترجیع بند | ترجیع بند | مسدس

وہ مصرع جو ہر بند کے آخر میں ہو بہو دہرایا جائے کہلاتا ہے۔

مصرع اولی | مصرع ثانی | طرح مصرع | ٹیپ کا مصرع

نظم ـــــــ میں اللہ پاک کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

منقبت | نعت | حمد | مثنوی

جس نظم میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت، سیرت، حسن اور معجزات وغیرہ کی بات کی جائے کہلاتی ہے۔

حمد | نعت | منقبت | مناجات

تین مصرعوں والی نظم کہلاتی ہے۔

مثلث | مسمط | بند | ہائیکو

ایسی نظم جس کے ہر بند کے تین مصرعے ہوں کہلاتی ہے۔

مثلث | مربع | مخمس | مسدس

انگریزی میں فری ورس کس نظم کو کہا جاتا ہے؟

پابند | آزاد | معریٰ | نثری

آزاد نظم کا تعلق کس دور سے ہے؟

قدیم | جدید | متوسط | ہر دور سے

منظوم داستان کے بیان کرنے کے لیے کون سی صنف سخن مخصوص ہے؟

قصیدہ | مثنوی | مرثیہ | غزل

شعر کا لفظ نکلا ہے۔

شعور سے | شاعر سے | شہر سے | شعروں سے

نظم سانٹ میں ـــــــ مصرعے ہوتے ہیں۔

چار | آٹھ | چودہ | بیس

ایسی نظم جس کے ہر بند میں چار مصرعے ہوں کہلاتی ہے۔

مثلث | مربع | مخمس | مسدس

رباعی

☆ ایسی نظم جس کے ہر بند میں پانچ مصرے ہوں کہلاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثلث | مربع | مخمس | مسدس |

☆ ایسی نظم جس کے ہر بند میں چھ مصرے ہوں کہلاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثلث | مربع | مخمس | مسدس |

☆ ایسی نظم جس میں نبی پاک کی آل کی تعریف بیان کی جائے کہلاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| حمد | نعت | منقبت | مناجات |

☆ قصیدہ کا لفظ نکلا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قصد سے | قصیدے سے | قاصد سے | ارادہ سے |

☆ قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| عربی | فارسی | ترکی | اردو |

☆ قصیدہ کے اجزاء کتنے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| تین | چار | پانچ | چھ |

☆ تشبیب، گریز، مدح، حسن طلب اور دعا کس کے اجزائے ترکیبی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قصیدہ | مرثیہ | غزل | داستان |

☆ بادشاہوں، وزراء اور دیگر اکابرین وشخصیات کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قصیدہ | منقبت | مناجات | داستان |

☆ جس نظم میں کسی کے عیب بیان ہوں کہلاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قصیدہ | ہجو | واسوخت | مرثیہ |

☆ گیت کس زبان کا لفظ ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| فارسی | ہندی | اردو | عربی |

☆ ہائیکو کس زبان کا لفظ ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہندی | فارسی | جاپانی | عربی |

☆ سانٹ کس زبان کا لفظ ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہندی | انگریزی | فارسی | جاپانی |

☆ واسوخت کے لغوی معنی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیزاری | غم | بیوفائی | جدائی |

☆ ایسی نظم جس میں محبوب کی ستم ظریفی بیان کر کے کسی اور اور شخص سے اپنے تعلق قائم کرنے کی دھمکی دی جائے کہلاتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قصیدہ | غزل | واسوخت | مناجات |

☆ مناجات کے معنی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صدا | دعا | وفا | منادی |

CamScanner

☆ ایسی نظم جس میں اللہ پاک کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد اپنے لیئے دعا کی جائے کہلاتی ہے۔

منقبت | مناجات | قصیدہ | مثنوی

☆ شہر آشوب کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ہندی | جاپانی

☆ ایسی نظم جس میں کسی شہر یا ملک کی سیاسی اور اقتصادی تباہی کا ذکر کیا جائے کہلاتی ہے۔

قصیدہ | مناجات | شہر آشوب | ہائیکو اصناف

☆ نثر کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ترکی | اردو

☆ نثر کے لغوی معنی ہیں۔

بکھری ہوئی چیز | ادبی بات | روشن بات | بلیغ بات

☆ افسانہ کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | یونانی | ترکی

☆ افسانہ کے لغوی معنی ہیں۔

سچی بات | جھوٹی بات | کہانی | غیر ضروری

☆ ایسی صنف نثر جس میں وحدت تاثر پایا جاتا ہے، کہلاتی ہے۔

ناول | افسانہ | ڈرامہ | مضمون

☆ وحدت تاثر، جامعیت اور اختصار کس صنف نثر کی خوبی ہے؟

ڈراما | ناول | افسانہ | داستان

☆ مختصر ترین کہانی کہلاتی ہے۔

ناول | ڈرامہ | افسانہ | داستان

☆ افسانہ زندگی کا ہے۔

کل | جزو | خلاصہ | شکل

☆ افسانے میں زندگی کے پہلو بیان ہوتے ہیں۔

ایک | دو | تین | چار

☆ افسانہ۔۔کہانی ہوتی ہے۔

فرضی | حقیقی | اہم | غیر سماجی

☆ جھوٹی اور فرضی کہانی کہتے ہیں۔

ناول کو | ڈراما کو | افسانہ کو | داستان کو

☆ افسانہ صنف۔۔۔ہے۔

نثر | نظم | جملہ | مرکب

CS CamScanner

☆ ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | یونانی | اطالوی

☆ ناول کس لفظ سے ماخوذ ہے؟

نویلا | ناولا | ناولے | نوول

☆ ناول کے لفظی معنی ہیں۔

عجیب | پرانی بات | لمبی کہانی | جھوٹی داستان

☆ داستان کی جدید شکل ہے۔

افسانہ | ناول | ڈراما | لوک کہانی

☆ زندگی کا کل ہے۔

ناول | ڈراما | داستان | افسانہ

☆ ناول صنف ------ ہے۔

نظم | نثر | علم بیان | علم بدیع

☆ انسان یا انسانی زندگی کس صنف نثر کا بنیادی موضوع ہے؟

افسانہ | ڈراما | داستان | ناول

☆ ڈراما کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | یونانی | اطالوی

☆ ڈراما ------ سے مشتق ہے۔

ڈرانا | ڈرنا | ڈرائی | ڈراؤ

☆ ڈراما کے معنی ہیں۔

کر کے دکھانا | نظارہ | بہترین کہانی | فساد

☆ دو یا دو سے زیادہ افراد کا باہم مکالمے کرتے ہوئے حرکات و سکنات کرنا کہلاتا ہے۔

ناول | داستان | افسانہ | ڈراما

☆ ڈراما ------ صنف ہے۔

نثری | شعری | ادبی | اصطلاحی

☆ ایسا قصہ جس کو سٹیج پر اداکاری کے لئے لکھا جائے کہلاتا ہے۔

افسانہ | ڈراما | ناول | داستان

☆ مضمون کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ترکی | اردو

☆ مضمون کے لفظی معنی ہیں۔

بات کرنا | ضمن میں لینا | بحث کرنا | لمبی بات کرنا

CS CamScanner

☆ مضمون کے حصے ہوتے ہیں۔

دو	تین	چار	پانچ

☆ مضمون ــــــ صنف ہے۔

نثری	شعری	ادبی	اصطلاحی

☆ تمہید، نفسِ مضمون اور خاتمہ کس صنفِ نثر کے حصے ہیں؟

ڈراما	افسانہ	ناول	مضمون

☆ ایسی صنفِ نثر جس میں نثر نگار اپنے خیالات، جذبات، مشاہدات، تصورات اور نظریات کا اظہار کرے کہلاتی ہے۔

داستان	کہانی	ناول	مضمون

☆ انشائیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی	فارسی	ترکی	یونانی

☆ انشائیہ کے لغوی معنی ہیں۔

عبارت	آسان بات	بہترین الفاظ	مختصر بات

☆ کون سی صنفِ نثر ہے جس میں نثر نگار دلائل دینے کے بعد نتیجہ قاری پہ چھوڑ دیتا ہے۔

مضمون	ڈراما	انشائیہ	افسانہ

☆ انشائیہ ــــــ صنف ہے۔

نثری	شعری	ادبی	اصطلاحی

☆ آپ بیتی ــــــ صنف ہے۔

نثری	شعری	ادبی	اصطلاحی

☆ آپ بیتی کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی	فارسی	سنسکرت	یونانی

☆ آپ بیتی کے لفظی معنی ہیں۔

اپنی رام کہانی	زندگی کے حالات	سچی کہانی	دوسرے کی کہانی

☆ کسی شخص کا اپنی زندگی کے حالات کو مفصل بیان کرنا کہلاتا ہے۔

خودنوشت	سوانح عمری	تذکرہ نگاری	سیرت نگاری

☆ آپ بیتی کو ــــــ بھی کہا جاتا ہے۔

خودنوشت	سوانح عمری	تذکرہ نگاری	سیرت نگاری

☆ خاکہ نگاری کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی	فارسی	ترکی	اردو

☆ خاکہ کے معنی ہیں۔

کہانی	ڈھانچہ	اسلوب	نئی چیز

☆ خاکہ صنعت ۔۔۔۔ ہے۔

ادب شعر نثر مضمون

☆ لفظوں میں کسی شخص کی ایسی تصویر کھینچنا کہ اس کی ظاہری اور باطنی معرفت ہو جائے کہلاتی ہے۔

آپ بیتی خاکہ نگاری سوانح حیات تذکرہ نگاری

☆ سیرت نگاری کس زبان کا لفظ ہے؟

فارسی ترکی عربی فرانسیسی

☆ سیرت کے لفظی معنی ہیں۔

راستہ چلنا نیک اعمال نیکی کامیابی کا راستہ

☆ سیرت نگاری ۔۔۔۔ صنف ہے۔

شعری ہیتی نثری نظریاتی

☆ ایسی صنف نثر جس میں نبی پاک صلی اللہ علیہ السلام کی مبارک زندگی کو بیان کیا جائے سیرت نگاری کہلاتی ہے۔

سوانح حیات سیرت نگاری تذکرہ نگاری خاکہ نگاری

☆ تذکرہ نگاری کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی فارسی ترکی اردو

☆ تذکرہ کے معنی ہیں۔

بحث کرنا ذکر کرنا مشاہدہ کرنا موازنہ کرنا

☆ تذکرہ نگاری کون سی صنف ہے؟

ادبی شعری جامع نثری

☆ ایسی صنف نثر جس میں شعراء حضرات کی شاعری اور حوادث کا ذکر کیا جائے کہلاتی ہے۔

تذکرہ نگاری سیرت نگاری خاکہ نگاری سوانح نگاری

☆ لوک کہانی کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی فارسی ترکی ہندی

☆ لوک کہانی کے معنی ہیں۔

داستان کہانی پتا افسانہ

☆ لوک کہانی ۔۔۔۔ صنف ہے۔

شعری ادبی نثری اصطلاحی

☆ آبا ؤ اجداد کی طرف سینہ بہ سینہ ورثے میں ملنے والی کہانیاں کہلاتی ہیں۔

داستان کہانی لوک کہانی افسانہ

☆ داستان کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی فارسی ترکی یونانی

☆ داستان کے معنی ہیں۔

لمبی کہانی　　کہانی　　لوک کہانی　　بہترین کہانی

☆ ایسی صنف نثر جس میں شہزادوں، شہزادیوں، بادشاہوں اور جنات وغیرہ کی کہانیاں بیان کی جائیں کہلاتی ہے۔

افسانہ　　ناول　　داستان　　لوک کہانی

☆ داستان۔۔۔صنف ہے۔

ادبی　　شعری　　نثری　　حقیقی

☆ خط کے معنی ہیں۔

مراسلہ　　دل کی بات　　تذکرہ حالات　　ضروری تحریر

☆ خط کس زبان کا لفظ ہے۔

عربی　　فارسی　　ترکی　　اطالوی

☆ خط۔۔۔صنف ہے۔

نثری　　شعری　　اصطلاحی　　انفرادی

☆ اپنے حالات و واقعات تحریر کر کے کسی دوسرے تک بھیجنا کہلاتا ہے۔

ناول　　داستان　　خط　　افسانہ

☆ خط کے۔۔۔۔حصے ہوتے ہیں۔

چھ　　سات　　آٹھ　　نو

☆ تاریخ کس زبان کا لفظ ہے۔

عربی　　فارسی　　ترکی　　یونانی

☆ تاریخ کا لفظ مشتق ہے۔

مورخین سے　　مؤرخ سے　　ارخ سے　　تارخ سے

☆ کسی ملک یا قوم کے حالات و واقعات کو لکھنے کا نام ہے۔

تنقید　　تقریر　　تحقیق　　تاریخ

☆ تنقید کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی　　فارسی　　ترکی　　اردو

☆ تنقید کے لغوی معنی ہیں۔

پرکھ کرنا　　لکھنا　　بحث کرنا　　تشریح کرنا

☆ تنقید کا لفظ ماخوذ ہے۔

نقد سے　　قاعدہ سے　　نقاد سے　　ناقد سے

☆ کسی شاعر یا ادیب کے کلام کا مطالعہ اور مشاہدہ کرنے کے بعد اس کی خوبیاں اور خامیاں بیان کرنا کہلاتا ہے۔

تذکرہ نگاری　　تنقید　　خاکہ نگاری　　سوانح عمری

CamScanner

☆ سفرنامہ کس زبان کا لفظ ہے۔

عربی فارسی ترکی اردو

☆ سفرنامہ کے لغوی معنی ہیں۔

سفرداستان سیروسیاحت سفرآخرت آپ بیتی

☆ مکالمہ کس زبان کا لفظ ہے۔

عربی فارسی ترکی اردو

☆ تلخیص کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی فارسی ترکی اردو

☆ تلخیص کے لغوی معنی ہیں۔

مختصر کرنا تشریح کرنا بحث کرنا بات کو الجھانا

☆ روداد کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی فارسی ترکی سنسکرت

☆ کسی تقریب، سفر یا حادثے کا آنکھوں دیکھا حال کہلاتا ہے۔

داستان سفرنامہ روداد کہانی

☆ روزنامچہ کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی فارسی اردو پنجابی

☆ روزنامچہ کے معنی ہیں۔

کھاتہ کہانی سفرنامہ داستان

☆ روزنامچہ کو انگریزی میں کہتے ہیں۔

ڈائری سٹوری لٹریچر رئیل سٹوری

☆ کہانی کس زبان کا لفظ ہے؟

ہندی عربی فارسی ترکی

☆ کسی واقعے کو ادبی اور دلچسپی کے انداز میں ایسے طریقے سے بیان کرنا کہ دوسرے لوگ جذباتی طور پر متاثر ہو جائیں کہلاتی ہے۔

داستان کہانی روداد تاریخ

☆ رپورٹ کس زبان کا لفظ ہے؟

انگریزی عربی فارسی ترکی

CS CamScanner

☆ رپورٹ کے معنی ہیں۔

ضروری تحریر | اہم بات | اطلاع | مسئلہ

☆ آرٹیکل کس زبان کا لفظ ہے؟

اردو | عربی | فارسی | انگریزی

☆ آرٹیکل کے معنی ہیں۔

مختصر | مضمون | مفصل بیان | تحریر

☆ درخواست کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | ترکی | اردو

☆ درخواست کے معنی ہیں۔

خواہش | عرض | تحریر | بات

☆ رسید کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی | فارسی | انگریزی | اردو

☆ علامت کے معنی ہیں۔

نشان | حرف | کلمہ | بات

☆ مختصر افکار، جذبات اور احساسات کو مخصوص لفظی اشارات میں بیان کرنا کہلاتا ہے۔

علامت نگاری | کنایہ | استعارہ | تشبیہ

☆ کاغذ کا ایسا ٹکڑا جس پر کوئی تصدیقی تحریر، دستخط اور مہر درج ہو کہلاتا ہے۔

محضر نامہ | حلف نامہ | نکاح نامہ | سفر نامہ

☆ تھیسارس یونانی زبان سے انگریزی میں آیا اور آج کل اس کا مطلب ۔۔۔۔ ہے۔

ذخیرہ الفاظ | ضرب الامثال | سلینگ | کہاوتیں

☆ مرکب کس زبان کا لفظ ہے؟

فارسی | عربی | ہندی | اردو

☆ مرکب/کلام کی ۔۔۔۔ اقسام ہیں۔

دو | تین | چار | پانچ

☆ مرکب ناقص کو ۔۔۔۔ بھی کہتے ہیں۔

اسم | کلام تام | کلام ناقص | مرکب تام

☆ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا مجموعہ اگر اپنا مفہوم واضح نہ کرے تو کہلاتا ہے۔

مرکب تام | مرکب ناقص | جملہ | اسم

☆ "ذہین طالب علم" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

توصیفی | عطفی | عددی | جاری

☆ "چار کتابیں" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

توصیفی | عطفی | عددی | جاری

☆ "گھر میں" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

توصیفی | عطفی | عددی | جاری

☆ "وہ شخص" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے۔

عددی | اشاری | جاری | امتزاجی

☆ "گپ شپ" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

تابع مہمل | تابع موضوع | اضافی | امتزاجی

☆ "کوڑا کرکٹ" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

عددی | تابع موضوع | تابع مہمل | اضافی

☆ "شام وسحر" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

عطفی | اضافی | عددی | جاری

☆ "موسیٰ کا گھر" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

عطفی | اضافی | عددی | اشاری

☆ "عمران خان" مرکب ناقص کی کون سی قسم ہے؟

عطفی | اضافی | امتزاجی | اشاری

☆ کا، کی، کے، رے، رے، وغیرہ کون سے حروف ہیں؟

عطف | اضافت | جار | اشارہ

☆ "و" "اور" کون سے حروف ہیں؟

اضافی | جاری | عطفی | عددی

☆ "نے، سے، پر، کو، تک، تلک، میں" حروف ہیں۔

اضافی | عددی | جاری | عطفی

☆ "یہ، وہ" حروف ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اضافی | عددی | عطفی | اشارہ |

☆ "دو، تین، چار، پانچ" حروف ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| عددی | عطفی | اشاری | اضافی |

☆ اسم اشارہ اور مشارالیہ کے مجموعہ کو کون سا مرکب کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جاری | اشاری | عددی | اضافی |

☆ اسم عدد اور اسم معدود کا مجموعہ کون سا مرکب ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اشاری | عددی | جاری | اضافی |

☆ مضاف، حرف اضافت اور مضاف الیہ کے مجموعے کو کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرکب جاری | مرکب عددی | مرکب اضافی | مرکب عطفی |

☆ معطوف، حرف عطف اور معطوف الیہ کے مجموعے کو کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرکب جاری | مرکب عددی | مرکب اشاری | مرکب عطفی |

☆ اسم صفت اور اسم موصوف کا مجموعہ کہلاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرکب جاری | مرکب عددی | مرکب عطفی | مرکب توصیفی |

☆ اسم مجرور اور حرف جار کے مجموعے کو کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرکب جاری | مرکب عددی | مرکب عطفی | مرکب اضافی |

☆ ایک بامعنی اور ایک بے معنی لفظ کا مجموعہ کہلاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جاری | تابع مہمل | تابع موضوع | امتزاجی |

☆ دو بامعنی الفاظ کا مجموعہ کہلاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جاری | تابع مہمل | تابع موضوع | امتزاجی |

☆ ایسا مرکب جو الفاظ کا مجموعہ ہو لیکن اکٹھا پڑھنے سے ایک ہی لفظ معلوم ہو کہلاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تابع موضوع | تابع مہمل | امتزاجی | جاری |

☆ جملے کی اقسام ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دو | تین | چار | پانچ |

☆ مرکب تام کو ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جملہ | فعل | حرف | مرکب ناقص |

CamScanner

☆ ''عرفان نے بازار سے کتاب خریدی۔'' کن سا جملہ ہے؟

اسمیہ　　فعلیہ　　سوالیہ　　ندائیہ

☆ جملہ فعلیہ میں موجود ہو سکتا ہے۔

فعل　　فاعل　　مفعول　　تینوں

☆ ''حرا نے سبق پڑھا۔'' اس جملے میں ''سبق'' ہے۔

فعل　　فاعل　　مفعول　　متعلق فعل

☆ فاعل، مفعول اور فعل پر مشتمل جملہ کہلاتا ہے۔

جملہ فعلیہ　　جملہ اسمیہ　　جملہ انشائیہ　　جملہ ندائیہ

☆ جملہ اسمیہ کے مبتدا اور خبر کو ہونا چاہیے؟

اسم　　فعل　　حرف　　محاورہ

☆ ''گلاب کا پھول خوبصورت ہے۔'' جملے میں خبر ہے۔

گلاب　　خوبصورت　　پھول　　خوبصورتی

☆ ''اے لوگو! میری بات غور سے سنو۔'' جملہ ہے۔

جملہ خبریہ　　جملہ فعلیہ　　جملہ انشائیہ　　جملہ معترضہ

☆ ''آرام سے بیٹھ جاؤ'' کون سا جملہ ہے؟

جملہ انشائیہ　　جملہ فعلیہ　　جملہ اسمیہ　　جملہ خبریہ

☆ مسندالیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

عربی　　فارسی　　ترکی　　اردو

☆ مسند اور مسندالیہ کا تعلق ہے۔

مرکب تام　　مرکب ناقص　　کلام ناقص　　اسم

☆ جملے میں جو خبر دی جائے اسے کہتے ہیں۔

مسند　　مسندالیہ　　حرف　　کلمہ

☆ جملے میں جس کے بارے خبر دی جائے اسے کہتے ہیں۔

مسند　　مسندالیہ　　مفعول　　فعل

☆ ''آپ کا کیا نام ہے؟'' کون سا جملہ ہے؟

فعلیہ　　نہی　　استفہامیہ　　امر

CS CamScanner

☆ ''شور مت کرو'' جملہ ہے۔

جملہ انشائیہ — جملہ خبریہ — جملہ اسمیہ — جملہ فعلیہ

☆ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ۔۔۔۔۔کی اقسام ہیں۔

جملہ — جملہ خبریہ — جملہ انشائیہ — کلام تام

☆ جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کس کی اقسام ہیں؟

جملہ اسمیہ — جملہ فعلیہ — مرکب تام — مرکب ناقص

☆ جملہ اسمیہ کے اجزاء ہیں۔

دو — تین — چار — پانچ

☆ جملہ فعلیہ کے اجزاء ہیں۔

دو — تین — چار — پانچ

☆ جملہ نہی، جملہ استفہامیہ اور جملہ تمنائی کس کی اقسام ہیں؟

جملہ انشائیہ — جملہ اسمیہ — جملہ فعلیہ — جملہ

☆ جملہ امر، جملہ استعجابیہ اور ندائیہ جملہ کس کی اقسام ہیں؟

جملہ انشائیہ — جملہ فعلیہ — جملہ اسمیہ — جملہ خبریہ

☆ ''شور مت کرو'' جملہ ہے۔

جملہ حکمیہ — جملہ نہی — جملہ خبریہ — جملہ اسمیہ

☆ ''ارے واہ! کیا نمبر لیے ہیں۔'' جملہ ہے۔

جملہ فعلیہ — جملہ سوالیہ — جملہ استعجابیہ — جملہ ندائیہ

☆ ''کاش! تم مل جاؤ۔'' جملہ ہے۔

جملہ تمنائی — جملہ اسمیہ — جملہ ندائیہ — جملہ امر

☆ ''تم یہاں سے چلے جاؤ'' جملہ ہے۔

جملہ نہی — جملہ امر — جملہ ندائیہ — جملہ استعجابیہ

☆ ایسا جملہ جس میں کسی کام سے منع کیا جائے کہلاتا ہے۔

نہی — امر — سوالیہ — ندائیہ

☆ ایسا جملہ جس میں کوئی حکم دیا جائے کہلاتا ہے۔

نہی — امر — سوالیہ — ندائیہ

CS CamScanner

☆ "میری آنکھ میں درد ہے" مثال ہے۔

ضرب الامثال روزمرہ محاورہ مرکب مصادر

☆ محاورہ ـــــــ زبان کا لفظ ہے۔

عربی فارسی ترکی یونانی

☆ روزمرہ ـــــــ زبان کا لفظ ہے۔

عربی فارسی ترکی اردو

☆ محاورہ کے لغوی معنی ہیں۔

فصیح تحریر گفتگو/بات چیت اشارہ علامت

☆ محاورہ ـــــ معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

مجازی اصلی علامتی تمثیلی

☆ روزمرہ ـــــ معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

مجازی حقیقی علامتی تمثیلی

☆ اہل زبان کے عام بول چال کا نام ہے۔

محاورہ روزمرہ ضرب المثل کہاوت

☆ اہل زبان کے خاص بول چال کا نام ہے۔

محاورہ روزمرہ ضرب المثل کہاوت

☆ محاورہ میں الفاظ ہوتے ہیں۔

دو دو سے زیادہ ایک دو یا دو سے زیادہ

☆ روزمرہ ـــــ الفاظ کا ہوتا ہے۔

ایک ایک سے زیادہ دو دو سے زیادہ

☆ "ایسے الفاظ جو جملے میں اصل فعل سے پہلے آ کر فعل کی حالت، کیفیت یا معنی کی وضاحت کریں کہلاتے ہیں۔"

متعلق فعل امدادی فعل متعلق خبر مرکب مصادر

☆ مومنہ پڑھتے پڑھتے سو گئی۔ جملے میں "پڑھتے پڑھتے" کیا ہے؟

معاون فعل متعلق فعل متعلق خبر فعل

☆ احمد کھیلتے کھیلتے بیٹھ گیا۔ جملے میں "کھیلتے کھیلتے" کیا ہے؟

متعلق خبر امدادی فعل معاون فعل متعلق فعل

CS CamScanner

☆ لڑکے جلدی سے بھاگ گئے۔ جملے میں "جلدی سے" کیا ہے؟

متعلق فعل | متعلق خبر | معاون فعل | فعل ناقص

☆ وہ حروف یا الفاظ جو فعل کی تعداد، حالت، خاصیت یا کیفیت کو ظاہر کریں، کہلاتے ہیں۔

فعل ماضی | متعلق فعل | فعل حال | اصل فعل

☆ "عرفان نے مسجد میں نماز ادا کی" اس جملے میں متعلق فعل ہے۔

کی | نماز | مسجد | احمد

☆ "موسیٰ نے دو کلو آم خریدے" اس جملے میں متعلق فعل ہے۔

آم | دو کلو | خریدے | نے

☆ قے آنا، بھاگ جانا، اونگ آنا وغیرہ قواعد کی رو سے ہیں۔

مرکب ناقص | مرکب مصادر | مرکب امتزاجی | مرکب جاری

☆ جب دو مصادر یا ایک مصدر اور ایک اسم باہم مل کر مرکب بنائیں تو ایسا مرکب کہلائے گا۔

مرکب تام | مرکب ناقص | مرکب مصدر | مرکب جاری

☆ بھول جانا، قلعی کھلنا، دیکھ لینا قواعد کی رو سے ہیں۔

مرکب عددی | مرکب مصادر | مرکب اضافی | مرکب عطفی

☆ جب ایک لفظ یا اسم کسی مرکب کے ساتھ مل کے آئے تو وہ کہلائے گا۔

مرکب مصدر | مرکب ناقص | مرکب تام | حاصل مصدر

☆ لوٹا، چمچہ اور شاپر وضعی اور غیر حقیقی معنوں میں کیا کہلائیں گے؟

روزمرہ | محاورہ | سلینگ | کنایہ

☆ فلامینگ کوچ، اگرائی، بچہ پارٹی، برگر بچہ اور بڑی مچھلی قواعد کی رو سے کیا ہیں؟

علامت | محاورہ | سلینگ | کنایہ

☆ اہل زبان کے محاورہ کی طرح عام زبان میں بولے جانے والے یہ الفاظ کہلاتے ہیں۔

سلینگ | روزمرہ | کنایہ | استعارہ

☆ "اور، و" کون سے حروف ہیں؟

عطف | جار | علت | ندا

☆ حرف جار کی نشاندہی کریں۔

و | کون | کا | پر

☆ ''کا، کی، کے، ے، ئے، ۂ'' کون سے حروف ہیں؟

حروفِ تہجی　　حروفِ جار　　حروفِ تشبیہ　　حروفِ اضافت

☆ سا، سی، سے، جیسا، جیسی، جیسے، جوں، طرح، مانند، مثل، مثال، کہ، یا، گویا" کون سے حروف ہیں؟

تشبیہ　　اضافت　　صفت　　جار

☆ ''کیا، کیوں، کب، کیسے، کہاں، کون'' کون سے حروف ہیں؟

عطف　　جار　　اضافت　　استفہام

☆ ''ارے، اوے، السلام علیکم'' کون سے حروف ہیں؟

اضافت　　عطف　　ندا　　بیان

☆ چونکہ، چنانچہ، حالانکہ، اس لیے، تاہم وغیرہ کون سے حروف ہیں؟

علت　　عطف　　ندا　　اضافت

☆ میں، سے، پر، کو، نے، تک، تلک وغیرہ کون سے حروف ہیں؟

جار　　اضافت　　عطف　　ندا

☆ حیف، افسوس، اف وغیرہ حروف ہیں۔

جار　　تاسف　　اضافت　　بیان

BEST OF LUCK ♡

CS CamScanner